ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (450)

مورخہ 31.08.24

**بہاولپور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، تھانہ صدر بہاولپور کی حدود میں اندھا قتل ٹریس، تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے جدید اور روایتی طریقہ تفتیش کے بہترین امتزاج سے قلیل وقت میں اندھا قتل ٹریس کر کے ملزمان کو پابند سلاسل کیا۔ملزم چاہے کتنا ہی شاطر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا، ڈی پی او بہاولپور**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ایس ڈی پی او سرکل صدر بہاولپور بابر علی اور ایس ایچ او تھانہ صدر بہاولپور راؤ شہزاد بابر کو آلہ آباد کالونی کی رہائشی شازیہ بانو کے اغوا کے متعلق درج مقدمہ کو ٹریس کرنے کے احکامات جاری کئے اور ملوث ملزمان کو ٹریس کر کے گرفتار کرنے کا ٹاسک دیا اور اسپیشل ٹیم تشکیل دی۔جس پر ایس ایچ او تھانہ صدر بہاولپور نے اپنی ٹیم کے ہمراہ اور ایس ڈی پی او سرکل صدر کی قیادت میں بہت کم وقت میں اغوا اور اندھے قتل کو ٹریس کر کے ملزمان کو گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزم کی شناخت اللہ ودھایا کے نام سے ہوئی جس نے مقتولہ کو ملنے کے لئے بلوایا اور نامعلوم وجوہات کی بناء پر سر میں اینٹ مار کر قتل کیا۔اس بابت مزید تحقیقات و تفتیش جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ملزم چاہے کتنا ہی شاطر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا، کیوں کہ جرم نشان چھوڑ جاتا ہے اور پولیس انویسٹی گیشن کی کامیابی ان نشانوں کی کڑیاں ملاتے ہوئے مجرم تک پہنچنا ہوتا ہے،جس کے لئے پولیس فرانزک ایکسپرٹس، موبائل فون ٹریسنگ سمیت دیگر چیزوں کا سہارا لیتے ہوئے جدید اور روایتی طریقہ تفتیش کے بہترین امتزاج سے ایسے مقدمات کو ٹریس کرنے میں کامیاب ہوتی ہے۔انہوں نے مزید کہا ایسا گھناؤنے فعل کرنے والوں کو تختہ دار تک پہنچایا جاے گا۔اس کامیابی پر ڈی پی او نے ایس ایچ او تھانہ صدر بہاولپور اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، تھانہ صدر بہاولپور نے کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے اندھا قتل ٹریس کر کے ملزم گرفتار کر لئے